سوال

(147)دوسری بیوی کا بھائی پہلی بیوی کی بیٹیوں کا محرم نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کی دو بیٹیاں ہیں، اس نے دوسری شادی کرلی ہے، اب اس دوسری بیوی کا بھائی اس شخص کی ان دونوں بیٹیوں کا محرم ہوگا یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسولہ میں دوسری بیوی کا بھائی اس شخص کی پہلی بیوی سے موجود بیٹیوں کا محرم نہیں بن سکتا ہے، کیونکہ وہ قرآن مجید میں مذکور محرم رشتہ داروں میں سے نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی